روزنامہ
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ہفتہ 16 جنوری 2010ء 29 محرم 1431 ہجری 16 صلح 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 13

تختۂ مشق ستم

حضرت طلحہؓ کو آغاز اسلام میں ابتدائی ایمان لانے والوں میں شامل ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ قبولِ اسلام کے بعد آپ بھی دیگر مسلمانوں کی طرح کفار کے مظالم کا تختۂ مشق ستم بنتے رہے۔ آپ کا بھائی عثمان آپ کو اور آپ کے مسلمان کرنے والے ساتھی حضرت ابوبکرؓ کو ایک ہی رسی میں باندھ کر مارا کرتا مگر یہ ظلم واستبداد استقامت کے ان شہزادوں میں کوئی لغزش پیدا نہ کرسکا۔
(اسد الغابہ جلد 3 ص 59)

نور پور احمد نگر کی احمدیہ عبادت گاہ کو مخالفین کے حوالے کرنا انتظامیہ کی جانب سے کمزوری اور لاقانونیت کا کھلا مظاہرہ ہے

مذکورہ عبادت گاہ مقامی احمدی ولی محمد نے ذاتی زمین میں ذاتی خرچ پر تعمیر کی تھی

ترجمان جماعت احمدیہ مکرم سلیم الدین صاحب ناظر امور عامہ کا بیان

ربوہ (پ ر) نور پور احمد نگر کی احمدیہ عبادت گاہ کو بلا جواز غیر قانونی طور پر مخالفین کے حوالے کر دیا گیا۔ عبادت گاہ کو 2003ء سے پولیس نے بلا جواز تالا لگایا ہوا تھا۔ 14 جنوری 2010ء کو مقامی انتظامیہ نے پولیس کی بھاری نفری کے ساتھ غیر قانونی طور پر عبادت گاہ کو مخالفین کے حوالے کر دیا ہے۔ اس عبادت گاہ میں ابتداء سے جماعت احمدیہ کے لوگ عبادت کر رہے تھے۔

ترجمان جماعت احمدیہ مکرم سلیم الدین صاحب نے کہا ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے نور پور احمد نگر کی احمدیہ عبادت گاہ کو مخالفین کے حوالے کرنا انتظامیہ کی جانب سے کمزوری اور لاقانونیت کا کھلا مظاہرہ ہے۔ حقائق یہ ہیں کہ مذکورہ عبادت گاہ 1982ء میں مقامی احمدی ولی محمد جو انتقال کر چکے ہیں' نے ذاتی زمین میں ذاتی خرچ پر تعمیر کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس زمین کے ملکیتی ثبوت متعدد مواقع پر انتظامیہ کو پیش کئے جا چکے ہیں اور علاقے کے غیر از جماعت معززین، سابق ناظم یونین کونسل وغیرہ نے بھی پولیس کو تحریری بیانات ریکارڈ کروائے اور جماعتی موقف کی تائید کی۔

ترجمان جماعت احمدیہ نے مزید کہا کہ اس معاملے پر چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کے حکم پر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چنیوٹ کے ذریعہ انکوائری کروا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قبل ازیں پولیس حکام اپنی رپورٹس میں اس عبادت گاہ کو جماعت احمدیہ کی ملکیت قرار دے چکے ہیں۔ تاہم حقیقت حال واضح ہونے اور مخالف فریق کے پاس ایک بھی ثبوت نہ ہونے کے باوجود انتظامیہ نے مخالفین کے پریشر اور دباؤ کی وجہ سے مخالفین کا ناجائز قبضہ کرا دیا۔ ترجمان جماعت نے اعلیٰ حکام سے معاملے کا فوری نوٹس لینے اور انصاف پر مبنی فیصلہ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

مکرم مولانا منیر الدین احمد صاحب مربی سلسلہ وفات پا گئے

احباب جماعت کو بہت افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ جماعت احمدیہ کے مخلص، باوفا' انتھک محنت کرنے والے دیرینہ خادم مکرم مولانا منیر الدین احمد صاحب مربی سلسلہ سابق انچارج شعبہ رشتہ ناطہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ پاکستان مورخہ 10 جنوری 2010ء کو جرمنی میں وفات پا گئے۔ آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔ آپ کا جنازہ ربوہ لایا گیا۔ مورخہ 14 جنوری کو بعد نماز عصر بیت مبارک میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ ربوہ (توسیع) میں تدفین کے بعد محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے دعا کروائی۔
مولانا صاحب کی پیدائش 1926ء میں ہوئی۔ آپ حضرت میاں قمر الدین احمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے بیٹے تھے جنہوں نے 1902ء میں بیعت کی توفیق پائی۔ 1947ء میں آپ کو حفاظت مرکز قادیان کی توفیق ملی۔ آپ نے بی اے کر کے جامعہ احمدیہ میں داخلہ لیا۔ 1959ء میں جامعہ سے فارغ ہوئے۔ اسی سال شادی مکرمہ بشریٰ بیگم صاحبہ بنت مکرم جی ایم صادق صاحب سے ہوئی۔ حضرت مصلح موعود نے 1957ء میں آپ کے نکاح کا اعلان فرمایا تھا۔ 1960ء میں یوگنڈا پہلی تقرری ہوئی۔ 1963ء میں پاکستان آ کے وکالت تبشیر میں خدمت کا موقع ملا۔ خلافت ثالثہ کے انتخاب میں شرکت کی سعادت حاصل ہوئی۔ 1965ء میں کینیا مع فیملی گئے۔ اس دوران وہاں دو بیوت الذکر تعمیر کرنے اور

بقیہ صفحہ 12 پر

نظارت تعلیم کے انعامی سکالرشپس 2009ء
فائنل رزلٹ

نظارت تعلیم کے زیرانتظام میٹرک، انٹرمیڈیٹ اور بیچلر کے امتحانات 2009ء میں زیادہ سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کے انعامی سکالرشپس دیئے جاتے ہیں۔ مورخہ 31 دسمبر 2009ء تک موصول ہونے والی درخواستوں کے مطابق فائنل رزلٹ شائع کیا جارہا ہے۔ (نظارت تعلیم)

میاں محمد صدیق بانی میٹرک انعامی سکالرشپ

نمبر شمار	گروپ	نام طالب/طالبہ علم+ولدیت	حاصل کردہ نمبر(%)	بورڈ	کیفیت
1	سائنس گروپ	آمنہ نواز بنت محمد نواز	96	لاہور	
2	جنرل گروپ	مہوش انعم باجوہ بنت صلاح الدین باجوہ	81.14	فیصل آباد	

میاں محمد صدیق بانی گولڈمیڈل وانعامی سکالرشپ

نمبر شمار	گروپ	نام طالب/طالبہ علم+ولدیت	حاصل کردہ نمبر(%)	بورڈ	کیفیت
1	پری انجینئرنگ	روحان ظفر ہاشمی ابن ظفر اقبال ہاشمی	89	لاہور	
2	پری انجینئرنگ	محمد حمزہ ہاشمی ابن ڈاکٹر احسان اللہ ہاشمی	89	لاہور	
3	پری میڈیکل	ثناء مبشرہ بنت محمد اعجاز	91.91	فیصل آباد	
4	جنرل گروپ	سحرش مبشر بنت مبشر احمد سہگل	91	ملتان	

صادقہ فضل سکالرشپ

نمبر شمار	گروپ	نام طالب/طالبہ علم+ولدیت	حاصل کردہ نمبر(%)	بورڈ	کیفیت
1	پری انجینئرنگ	عمر احمد ابن بشارت احمد اعجاز	87.27	فیڈرل بورڈ	
2	پری انجینئرنگ	وقاص علی ابن سلامت علی	86.82	فیصل آباد	نصرت جہاں انٹرکالج کے طالب علم ہیں
3	پری میڈیکل	مناہل رشید بنت رشید الدین	90.91	لاہور	
4	پری میڈیکل	قرۃ العین بنت ناصر احمد	90.18	گوجرانوالہ	
5	جنرل گروپ	سعید احمد خرم ابن عبدالستار	87.36	فیصل آباد	جامعہ احمدیہ کے طالب علم ہیں بورڈ میں ہیومینٹیز طلباء میں پہلی پوزیشن ہے

خورشید عطاء سکالرشپ

نمبر شمار	گروپ	نام طالب/طالبہ علم+ولدیت	حاصل کردہ نمبر(%)	بورڈ	کیفیت
1	پری انجینئرنگ	محمد رضوان احمد ابن فاروق احمد	86.36	لاہور	
2	پری میڈیکل	بشارت احمد ابن ریاست علی	89.45	گوجرانوالہ	
3	جنرل گروپ	عطیۃ الحبیب بنت چوہدری محمد اقبال گھمن	86.18	بہاولپور	بورڈ میں ہیومینٹیز گروپ (طالبات) میں دوسری پوزیشن ہے
4	جنرل گروپ	نصرت جہاں بنت ہارون شریف رندھاوا	85.45	فیڈرل بورڈ	

سندس باجوہ سکالرشپ

نمبر شمار	گروپ	نام طالب علم/طالبہ علم+ولدیت	حاصل کردہ نمبر(%)	بورڈ	کیفیت
1	پری میڈیکل	سید اعزاز حسین زیدی ابن سید آفتاب حسین	88.64	راولپنڈی	
2	پری میڈیکل	روبینہ رزاق ابن عبدالرزاق	88.18	آزاد جموں کشمیر	

امۃ المنان سکالرشپ برائے فائن آرٹس

نمبر شمار	گروپ	نام طالب علم/طالبہ علم+ولدیت	حاصل کردہ نمبر(%)	بورڈ	کیفیت
1	فائن آرٹس	رافعہ تحریم بنت مبارک محمود	63.64	لیڈرشپ کالج	
2	فائن آرٹس	عروشہ خلیل بنت خلیل احمد	56.55	نیشنل کالج آف آرٹس	

امۃ الکریم زیروی سکالرشپ

نمبر شمار	گروپ	نام طالب علم/طالبہ علم+ولدیت	حاصل کردہ نمبر(%)	بورڈ	کیفیت
1	پری میڈیکل	زرنا سفیر بنت سفیر احمد	87.73	گوجرانوالہ	
2	پری میڈیکل	سائر احمد تبریز ابن محمد خان	87.18	فیصل آباد	

ملک دوست محمد میڈیکل سکالرشپ

نمبر شمار	گروپ	نام طالب/طالبہ علم+ولدیت	حاصل کردہ نمبر(%)	بورڈ	کیفیت
1	پری میڈیکل	نصر اللہ ذیشان ابن اسد اللہ خالد	86.09	لاہور	

ڈاکٹر عبدالسمیع سکالرشپ

نمبر شمار	گروپ	نام طالب علم+ولدیت	حاصل کردہ نمبر(%)	بورڈ	کیفیت
1	پری میڈیکل	امۃ الناصر سلمیٰ بنت چوہدری طاہر نسیم	85.82	کراچی	

خالدہ افضل سکالرشپ

نمبر شمار	گروپ	نام طالب علم+ولدیت	حاصل کردہ نمبر(%)	بورڈ	کیفیت
1	بیچلرز	ثمرۃ الحئی بنت ملک تبسم مقصود	83.32	یونیورسٹی آف ایجوکیشن	
2	بیچلرز	بینش وسیم بنت شیخ وسیم الدین	78	اسلامیہ یونیورسٹی	

انفلوئنزا کی عالمگیر وبا میں
خدمت کی تحریک

1918ء میں جنگ عظیم کا ایک نتیجہ انفلوئنزا کی صورت میں ظاہر ہوا۔ اس وبا نے گویا ساری دنیا میں اس تباہی سے زیادہ تباہی پھیلادی۔ جو میدان جنگ میں پھیلائی تھی۔ ہندوستان پر بھی اس مرض کا سخت حملہ ہوا۔ اگرچہ شروع میں اموات کی شرح کم تھی۔ لیکن تھوڑے ہی دنوں میں بہت بڑھ گئی اور ہر طرف ایک تہلکہ عظیم برپا ہوگیا۔ ان ایام میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی ہدایت کے ماتحت جماعت احمدیہ نے شاندار خدمات انجام دیں اور مذہب وملت کی تمیز کے بغیر ہر قوم اور ہر طبقہ کے لوگوں کی تیمارداری اور علاج معالجہ میں نمایاں حصہ لیا۔ احمدی ڈاکٹروں اور احمدی طبیبوں نے اپنی آنریری خدمات پیش کرکے نہ صرف قادیان میں مخلوق خدا کی خدمت کا حق ادا کیا بلکہ شہر شہر اور گاؤں گاؤں پھر کر طبی امداد بہم پہنچائی اور تمام رضا کاروں نے نرسنگ وغیرہ کی خدمت انجام دی اور غرباء کی امداد کے لئے جماعت کی طرف سے روپیہ اور خورونوش کا سامان بھی تقسیم کیا گیا ان ایام میں احمدی والنٹیئر (جن میں حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب بھی شامل تھے) صعوبتیں اور تکلیفیں برداشت کرکے دن رات مریضوں کی خدمت میں مصروف تھے اور بعض صورتوں میں جب کام کرنے والے خود بھی بیمار ہوگئے اور نئے کام کرنے والے میسر نہیں آئے بیمار رضا کار ہی دوسرے بیماروں کی خدمت انجام دیتے رہے اور جب تک یہ رضا کار بالکل نڈھال ہوکر صاحب فراش نہ ہوگئے۔ انہوں نے اپنے آرام اور اپنے علاج پر دوسروں کے آرام اور دوسروں کے علاج کو مقدم کیا۔ یہ ایسا کام تھا کہ دوست دشمن سب نے جماعت احمدیہ کی بے لوث خدمت کا اقرار کیا اور تقریر وتحریر دونوں میں تسلیم کیا کہ اس موقع پر جماعت احمدیہ نے بڑی تندہی و جانفشانی سے کام کرکے بہت اچھا نمونہ قائم کردیا ہے۔

(سلسلہ احمدیہ ص358)

پبلشرو پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع: ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت 5 روپے

6

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ جرمنی

بیت نور فرینکفرٹ کے 50 سال ہونے پر تقریب، عمائدین کے ایڈریس اور حضور انور کا خطاب

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

19 دسمبر 2009ء

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سات بجکر بیس منٹ پر ''بیت السبوح'' میں تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی جائے رہائش پر تشریف لے گئے۔

بیت نور فرینکفرٹ کے 50 سال ہونے پر تقریب

جماعت احمدیہ جرمنی نے بیت نور فرینکفرٹ کی تعمیر 50 سال پورے ہونے پر فرینکفرٹ شہر کی ایک مشہور بلڈنگ "Roemer" میں ایک تقریب کا اہتمام کیا تھا۔ جرمنی کی یہ تاریخی یادگار عمارت چھ سو سال پرانی ہے اور Roman Empire کے دور کی یادگار عمارت ہے۔ اس عمارت کے ایک حصہ میں شہر کی کونسل کے دفاتر ہیں۔ اس عمارت میں کئی بڑے ہال ہیں۔ ایک ہال جو "Ratskeller" کہلاتا ہے اس میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا تھا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز دس بجکر چالیس منٹ پر اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور اس تقریب میں شرکت کے لئے روانگی ہوئی۔ گیارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز یہاں پہنچے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی آمد سے قبل مہمانوں کی ایک بڑی تعداد اس تاریخی عمارت میں پہنچ چکی تھی اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی آمد کی منتظر تھی۔

ان آنے والے مہمانوں میں

1- Mr Jorg-Uwe Hahn Justice Minister of Province

2-Mr Athenagoras Ziliaskopoulos Pastor Concil of "Religious Committee (Task) of Frankfurt"

3- Mr Gerhard Merz "Vice Chairman of social democrat in province and member of Parliment"

4-Mr Michael Gahler "European member of parliment"

5- Mr Achim Wenz police Minister of Hessen"

6-Mr Gregor Amann سابق ممبر پارلیمنٹ

7-Mr Ulrich Casper "Member of parliment in Hessen"

8- Hans Dieter Burger ٹاؤن کونسلر میئر نمائندہ شامل تھے۔ علاوہ ازیں بڑی تعداد میں سیاستدان، ماہرین اقتصادیات، پروفیسرز، ڈاکٹرز، وکلاء، مذاہب کے نمائندے اور پولیس افسران اور زندگی کے دوسرے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے مہمان شامل تھے۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جو مکرم حسنات احمد صاحب نے پیش کی اور بعد ازاں جرمن زبان میں اس کا ترجمہ پیش کیا۔

اس کے بعد مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت جرمنی نے تعارفی ایڈریس پیش کیا۔ امیر صاحب نے بیت نور کا تعارف کروایا اور اس تقریب میں شامل ہونے والے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔

بعد ازاں بچیوں کے ایک گروپ نے جرمن زبان میں ''بیت'' نور کے تعلق میں آج کی اس تقریب کے حوالہ سے ایک نظم پیش کی جس کے مضمون کا ایک حصہ یہ تھا۔

کہ ''نور'' کا مطلب روشنی ہے۔ اس بات کو کبھی نہ بھولیں کہ ''نور'' وہ روشنی ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے آتی ہے۔ بہت خوش قسمت ہے وہ جس نے اس روشنی کو دیکھا۔

یہ ''نور'' یہ روشنی آج سے پچاس سال پہلے ہمارے شہر میں آئی یہ پیغام ایک ایسے دل کی آواز ہے جو کبھی بھی نہیں تھکتا۔ دین حق امن اور رحم چاہتا ہے۔ دین حق انصاف اور محبت و پیار کی تعلیم دیتا ہے۔ اس زمانے کے مسیح کے خلیفہ نے اپنا نمائندہ بھیجا تو مومنوں نے مل کر یہ اللہ کا گھر بنایا اور اس کا نام بیت ''نور'' ''اللہ کی روشنی کا گھر'' رکھا اور یہ عبادت اور دعاؤں کے لئے ایک بہت اعلیٰ جگہ ہے۔

منسٹر آف لاء کا ایڈریس

اس نظم کے بعد Mr Uwe Hahn منسٹر آف لاء (Law) صوبہ Hessen نے اپنا ایڈریس پیش کیا۔

موصوف نے اپنے ایڈریس میں کہا کہ میں بہت شکر گزار ہوں کہ بیت نور کی پچاس سالہ تقریبات پر مجھے مدعو کیا گیا ہے۔ جب بیت پچاس سال کی ہو جائے تو اس کا مطلب ہے کہ یہاں شروع سے ہی کچھ ہو رہا ہے اور حال میں بھی کام جاری ہے اور مستقبل میں جاری رہے گا۔ جب بیت کسی جگہ تعمیر کی جاتی ہے تو بنانے والے کے ذہن میں یہ ہوتا ہے کہ ان کی نسلیں بھی۔ یہاں آ کر عبادت کریں گی اپنے مذہب کے نشان کے طور پر۔ آج سے پچاس سال پہلے (بیوت) بنانا آسان تھیں۔ لیکن آجکل اتنا آسان نہیں۔ ہمیں اس پر غور کرنا چاہئے کہ ہم نے ایسا کیا غلط کیا ہے کہ اب حالات وہ نہیں ہیں۔

موصوف نے کہا۔ میں خوش ہوں کہ Hausen میں جہاں اس سال بیت کا سنگ بنیاد رکھا گیا تھا ہم سب اور ہمسائے بھی سب کے سب وہاں موجود تھے۔ ہم مذاہب کے درمیان کھلی بات کرنا چاہتے ہیں۔ ہم ایسا ماحول پیدا کرنا چاہتے ہیں جہاں بیوت، چرچ اور Synagogues تعمیر ہو سکیں اور ایسا اس شہر میں ہوا ہے۔ دوسری طرف بعض ممالک نے ریفرنڈم پاس کئے ہیں جن کا مجھے بہت دکھ اور خوف ہے۔ میں خوفزدہ نہیں ہوں بلکہ ہمیں چاہئے کہ ہم ان کے پاس جائیں اور ان پر واضح کریں کہ گھبرانے یا خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے اگر احمدی یا کوئی اور فرقہ بیت بنائے۔

موصوف نے کہا ہمیں اس پر غور کرنا چاہئے۔ صوبائی پارلیمان میں کچھ ہفتے قبل ہماری اس موضوع پر بحث ہوئی تھی کہ جو علامات (Symbols)........... کے لئے ضروری ہیں اور ان کی تاریخ کا حصہ بھی ہیں تو ان کو 21 ویں صدی کے یورپ میں ویسے ہی رہنا چاہئے اور اگر ان کو مزید خوبصورت نہیں بنا سکتے تو کم از کم ویسا ہی رکھنا چاہئے۔ بدلنا نہ چاہئے بلکہ مزید ترقی دینی چاہئے۔

موصوف نے کہا میں ہر اس شخص کی مدد کروں گا جو اللہ کا گھر بنانا چاہتا ہے اور میں اس کو ہر ایک کے لئے کھلا دیکھنا چاہتا ہوں اور میں نے دیکھا ہے کہ (بیوت) ہر ایک کے لئے کھلی ہیں۔

موصوف نے آخر پر کہا بیت نور کی پچاسویں سالگرہ مبارک ہو۔ آپ کی مدد کا شکریہ۔ امید ہے ہم 60 ویں یا 75 ویں سالگرہ بھی منائیں گے فرینکفرٹ میں جماعت کے لئے ہر اچھی چیز کا خواہشمند ہوں۔

بعد ازاں فرینکفرٹ شہر کے میئر کے نمائندہ Mr Karl Heinz Burhmann نے اپنا ایڈریس پیش کرتے ہوئے کہا۔ میں آپ کو بیت نور کی 50 سالہ تقریبات کے موقع پر فرینکفرٹ شہر، میئر آف فرینکفرٹ اور شہر کی بلدیہ کی طرف سے خوش آمدید کہتے ہوئے بہت خوشی محسوس کر رہا ہوں۔

"Ratskeller" یہ جگہ جس کا انتخاب آپ نے اس موقع کے لئے کیا ہے یہ 600 سو سال پرانا ہے۔ یہ 1405ء میں بنایا گیا تھا اور ہم اس کی 600 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔

...........کافی عرصے سے جرمنی ہجرت کر کے آ رہے ہیں اور ایک سروے کے مطابق دس فیصد فرینکفرٹ کی آبادی........... پر مشتمل ہے اور یہ تعداد ہر سال بڑھ رہی ہے۔ فرینکفرٹ کے کئی علاقوں میں بیوت ہیں۔ فرینکفرٹ کی پہلی اور صوبہ 'Hessen' کی پہلی بیت اور چند پرانی بیوت میں سے ایک نور بیت الذکر ہے جو کہ جماعت احمدیہ نے 1959ء میں Sachsenhausen کے علاقہ میں تعمیر کی اور اس وقت یہ ایک بڑا اہم موقع تھا۔

بیت الذکر ایک ایسی جگہ ہے جو سب کے لئے ہے جو بھی دلچسپی رکھتا ہے۔ یہاں مہمان نوازی، خندہ پیشانی اور انسانی حقوق، ہر مذہب کی عزت اور مرد و عورت کو برابر درجہ دینے کی جماعت احمدیہ کی بنیادی تعلیمات کو پایا ہے۔ جو بھی آپ کے پاس آتا ہے وہ دوستانہ رنگ میں اور چائے کی پیالی سے خوش آمدید کہا جاتا ہے۔

جرمن آئین مذہبی آزادی کا روادار ہے۔ بیوت کی تعمیر کے حوالے سے بحث اور سوئٹزرلینڈ نے بیوت کے میناروں کی تعمیر کے حوالے سے جو ریفرنڈم کروایا ہے اس نے تو اور بھی جلتی پر تیل کا کام کیا ہے۔ میں جانتا ہوں کہ بعض ایسے خوف اور مسائل ہیں جنہیں ہمیں سنجیدگی سے دیکھنا ہوگا۔ یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے آئین کو پکڑ کر رکھیں اور ہر شدت پسند آواز کو ٹھکرا دیں۔ فرینکفرٹ کو ایسے لوگوں کی ضرورت ہے جو یہ خیالات رکھتے ہوں اور نور بیت کی جماعت نہ صرف فرینکفرٹ میں بلکہ پورے جرمنی میں اس اعتبار سے مدد کر سکتی ہے۔ آپ نے اپنے ممبرز کو تعمیری کام کرنے والا بنایا ہے۔ شہر فرینکفرٹ آپ کی کوششوں کو سراہتا ہے جو آپ نے مسائل کو دور کرنے اور لوگوں کو یکجا کرنے کے لئے کی ہیں۔ میں آپ کو بیت نور کی پچاس سالہ تقریبات پر مبارکباد دیتا ہوں۔

ممبر صوبائی اسمبلی کا ایڈریس

میئر کے نمائندہ کے ایڈریس کے بعد ممبر صوبائی اسمبلی Gerhard Merz نے اپنا ایڈریس پیش کیا۔

موصوف نے کہا میں یہاں صدر SPD جناب Gumbel کے نمائندہ کے طور پر آیا ہوں۔ آپ کو اپنی طرف سے، صدر SPD اور SPD ہیسن کی طرف سے مبارکباد دیتا ہوں۔

پچاس سال کسی مذہبی جماعت کے لئے لمبا عرصہ نہیں ہوا کرتا اور پچاس سال کا عرصہ نسبتاً ایک نئی جماعت کے لئے جرمنی میں زیادہ لمبا نہیں ہے۔ پس اگر کوئی غلط فہمیاں یا تضاد ہو جائے تو یہ کوئی حیرت کی بات نہیں ہے لیکن مجھے یقین ہے کہ صورت حال مستقبل میں بہت بہتر ہو جائے گی جیسا کہ پچھلے سالوں میں بھی بہتر ہوئی ہے۔

موصوف نے کہا مذاہب کی علامتوں پر کوئی پابندی نہیں ہونی چاہئے۔ پس ایسا کوئی بھی ریفرنڈم کہ بغیر میناروں کے بغیر تعمیر ہوں بالکل قابل قبول نہیں ہے۔ بحیثیت غیر مسلم ہمیں وہ پابندیاں .... پر نہیں لگانی چاہئیں جو ہم اپنے اوپر لاگو نہیں کرتے۔ .... میں بھی آراء کی کثرت ہے کیونکہ عیسائیوں کی طرح .... میں بہت فرقے اور جماعتیں ہیں۔ لہٰذا ہمیں چند .... کو جو اللہ اور محمد ﷺ کے نام پر نفرت پھیلا رہے ہیں، سب .... کو ذمہ دار نہیں ٹھہرانا چاہئے۔ ہم عیسائیت کی تاریخ سے جانتے ہیں کہ چند لوگ تھے جنہوں نے اللہ اور مسیح کے نام پر نفرت پھیلائی اور جس طرح انہوں نے اللہ اور مسیح کے نام کا غلط استعمال کیا اسی طرح چند لوگ اللہ اور محمدؐ کا نام غلط طور پر استعمال کر رہے ہیں۔

موصوف نے آخر پر کہا۔ میرے جماعت احمدیہ کے ساتھ Giesen میں بہت اچھے تعلقات ہیں مجھے وہاں قرآن کریم بھی پیش کیا گیا تھا جو کہ میری کتابوں کی الماری میں بائبل کے ساتھ موجود ہے۔

ممبر یورپین پارلیمنٹ کا ایڈریس

بعد ازاں ممبر یورپین پارلیمنٹ Mr Michael Gahler نے اپنا ایڈریس پیش کرتے ہوئے کہا۔

میں آپ کو نور بیت کی پچاس سالہ تقریبات پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ میں آپ کے سوشل خدمات اور رفاہ عامہ کے کاموں سے بہت متاثر ہوا ہوں۔ آپ کے Wiesbaden کے ایک دوست نے مجھے بتایا کہ ہم نئے سال کی رات کو شہر کی صفائی کریں گے، جرمن معاشرہ کے لئے اظہار تشکر کے طور پر کہ انہوں نے ہمیں یہاں رہنے کے لئے جگہ دی ہے۔

موصوف نے کہا آپ لوگ معاشرہ میں مل جل گئے ہیں اور بہت سارے تو اب جرمن ہیں اور دوسروں کے لئے نمونہ ہیں۔

موصوف نے کہا کہ میں آج سے دو سال قبل بحیثیت چیف آبزرور الیکشن پاکستان گیا تھا اور ہم نے جو تجاویز پاکستان کے اعتبار سے یورپین پولیٹیکل پالیسی کے لئے تیار کیں۔ ایک تو یہ کہ پاکستان میں ذمہ داروں سے یہ پوچھا جائے کہ احمدیوں کے ساتھ قانون کیا سلوک کر رہا ہے؟ اور جو مسائل درپیش ہیں ان کا کیا حل ہے۔ کیونکہ جمہوریت کی اصلاح کا جو عمل اس ملک میں ہے اس کا ایک حصہ ہے اور اس کو حل کئے بغیر چھوڑا نہیں جاسکتا۔

موصوف نے آخر پر جماعت کا شکریہ ادا کیا کہ آج اس اہم تقریب میں شمولیت کا موقع فراہم کیا۔

صدر مذہبی کونسل کا ایڈریس

صدر مذہبی کونسل فرینکفرٹ Mr Athagoras Siakopolus بھی ڈائس پر آئے اور اپنا ایڈریس پیش کرتے ہوئے کہا۔ کہ آج جب میں یہاں پر آیا ہوں تو میں نے بہت سے احمدیوں کے سر پر ٹوپی دیکھی۔ میں شمالی یونان سے ہوں اور وہاں دو ہزار پانچ سو سال پرانے Mosaics ہیں جو یہ ٹوپی پہنتے ہیں اور یہ بات تاریخی طور پر ثابت ہے کہ اسکندر اعظم یہ ٹوپی افغانستان، پاکستان میں لایا تھا اور جو آج تک ہے۔ کلچرل اور مذہبی چیزوں کا تبادلہ تاریخ میں بہت پرانا ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ اس طرح اظہار کیا جاسکتا ہے۔

موصوف نے کہا کہ مذہبی کونسل فرینکفرٹ کی طرف سے ہم آپ کو نور بیت کے پچاس سال پورے ہونے پر مبارکباد دیتے ہیں۔ ہمیں خوشی ہے کہ آپ پچاس سال پیچھے تک اپنی موجودگی کو دیکھ سکتے ہیں۔ آپ کا ''خدا کا گھر'' نہ صرف اندر سے بلکہ باہر سے بھی (دینی) طرز کا ہے اور فرینکفرٹ میں سب سے پرانا ہے۔ آپ نے اس اعتبار سے ابتداء کی ہے اور آغاز کیا ہے۔

موصوف نے کہا پچھلے ہفتوں میں اختلافی طور پر ایک بات پر بحث ہوئی کہ کس حد تک معاشرہ میں مذہب کا کردار ہونا چاہئے؟ مذہبی آزادی کی حد کیا ہے؟

ہماری ایک میٹنگ میں جہاں ہم آپ کے مہمان تھے اور آپ نے بہت عمدہ مہمان نوازی کی اور انتہائی مزیدار کھانا کھلایا جسے بھلایا نہیں جاسکتا۔ آپ نے ہمیں نور بیت کے پچاس سال پہلے افتتاح کے متعلق بتایا تھا اور ہمیں پتہ چلا ہے کہ ہماری کونسل کے سب سے بڑی عمر کے ممبر جو کہ ہندو کمیونٹی سے ہیں اور ان کا نام Mr Auora ہے بیت نور کے افتتاح کے موقع پر آج سے پچاس سال پہلے موجود تھے اور اس وقت بھی مذاہب کے مابین ایک ملاقات ہی تھی۔ جیسا کہ آجکل عموماً ہوتی ہے۔ موصوف نے کہا ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ غلط فہمیوں اور خوف کو دور کرنے کے لئے اور انصاف کے قیام کے لئے اور امن کے قیام کے لئے فرینکفرٹ شہر میں ہماری کونسل اسی مقصد کے لئے کام کرتی ہے اور ہم خوش ہیں کہ آپ بھی اس میں حصہ لیتے ہیں۔

موصوف نے آخر پر کہا۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ کے بہت فضل آپ پر نازل ہوں اور مجھے امید ہے کہ اگلے پچاس سال میں بھی خدا کے فضل آپ کے ساتھ رہیں گے۔ میں بحیثیت Orthodox عیسائی ہونے کے ایک اور آرتھوڈکس چرچ بنانے جا رہے ہیں۔ یہ گنبد اور صلیب کے نشان کے ساتھ فرینکفرٹ میں بنے گا۔ آخر میں ایک بار پھر میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

حضور انور کا خطاب

بعد ازاں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے انگریزی زبان میں خطاب فرمایا۔ جس کا اردو زبان میں ترجمہ درج ذیل ہے۔

تشہد و تعوذ کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا۔

معزز مہمانان کرام، السلام علیکم .... اللہ تعالیٰ آپ پر سلامتی اور فضل نازل کرے۔

سب سے پہلے میں ان سب مہمان کرام کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جو آج یہاں فرینکفرٹ میں ہماری (بیت) نور کی پچاس سالہ تقریب میں شامل ہوئے ہیں۔ آپ کا یہاں پر آنا اس بات کو ظاہر کرتا ہے آپ کھلے ذہن کے مالک لوگ ہیں کیونکہ آپ لوگ اس حقیقت کے باوجود آئے ہیں کہ آج کل سوسائٹی میں (دین) مخالف تحریکات نے زور پکڑا ہوا ہے۔ .... معزز مہمان کرام کی تقاریر نے میرے ان خیالات کو تقویت دی ہے کہ آپ جو میرے سامنے بیٹھے ہیں وسیع الذہن لوگ ہیں۔ ....

اب میں قرآن کو بنیاد بنا کر امن عالم کے حوالے سے چند (دینی) تعلیمات بطور مثال پیش کروں گا۔ اگر مختلف مذاہب کے درمیان پائی جانے والی نفرتوں کی وجہ پر غور کیا جائے تو آپ دیکھیں گے کہ جب لوگ ایک دوسرے کے بانیان مذہب کا انکار کرتے ہیں، ان پر ٹھٹھا کرتے ہیں تو وہ پھر ان رسم و رواج کی بھی تحقیر کرنے لگ جاتے ہیں جن کا تعلق بالواسطہ ان بانیان مذاہب سے ہوتا ہے۔ آیئے اب ہم دیکھیں کہ (دین) دوسرے مذاہب کے پیغمبروں یا ان کے مذاہب کے بارے میں ہمیں کیا تعلیم دیتا ہے۔ سورۃ آل عمران آیت 85 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

تو کہہ دے ہم ایمان لے آئے اللہ پر اور اس پر جو ہماری طرف اتارا گیا اور جو ابراہیم پر اتارا گیا ہے اور اسماعیل پر اور اسحٰق پر اور یعقوب پر اور (اس کی) نسلوں پر اور جو موسیٰ اور عیسیٰ کو اور جو نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے دیا گیا۔ ہم ان میں سے کسی کے درمیان کوئی تفریق نہیں کرتے اور ہم اس کی فرمانبرداری کرنے والے ہیں۔

یہ ہے (دین) کی خوبصورت تعلیم۔ اگر ایک .... اللہ کی اطاعت کا دعویٰ کرتا ہے تو وہ تمام انبیاء پر ایمان رکھنے کا پابند ہے۔ اسی بارے میں اللہ تعالیٰ نے ایک اور جگہ فرمایا ہے کہ اس نے اصلاح انسانیت کی غرض سے تمام قوموں میں انبیاء مبعوث فرمائے ہیں جن میں سے چند کا نام اللہ نے قرآن میں بیان کیا ہے۔ پس اس طریق سے (دین) نے تمام پیشوایان مذاہب کو قابل عزت قرار دے کر امن رواداری اور باہم ہم آہنگی کی بنیاد ڈالی ہے۔ جب ہم (دین) کی ابتدائی تاریخ پر نظر ڈالتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ جب مکہ میں شدید مخالفت کی وجہ سے مسلمان ہجرت کر کے مدینہ چلے آئے تو کفار مکہ نے تب بھی ان کو نہیں چھوڑا اور ان کی مخالفت جاری رکھی۔ انہوں نے حملے کر کے مسلمانوں کو ختم کرنے کی کوشش کی۔ اس موقع پر پھر اللہ نے نبی کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ کو جنگ کی اور اپنے دفاع کی اجازت دی۔ اس کا ذکر قرآن مجید میں سورۃ الحج آیت 40-41 میں اس طرح فرمایا ہے:۔

ان لوگوں کو جن کے خلاف قتال کیا جا رہا ہے (قتال کی) اجازت دی جاتی ہے کیونکہ ان پر ظلم کئے گئے اور یقیناً اللہ ان کی مدد پر پوری قدرت رکھتا ہے۔ (یعنی) وہ لوگ جنہیں ان کے گھروں سے ناحق نکالا گیا محض اس بنا پر کہ وہ کہتے تھے کہ اللہ ہمارا رب ہے اور اگر اللہ کی طرف سے لوگوں کا دفاع ان میں سے بعض کو بعض دوسروں سے بھڑا کر نہ کیا جاتا تو راہب خانے منہدم کر دیئے جاتے اور گرجے بھی اور یہود کے معابد بھی اور مساجد بھی جن میں بکثرت اللہ کا نام لیا جاتا ہے اور یقیناً اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا جو اس کی مدد کرتا ہے۔ یقیناً اللہ بہت طاقتور (اور) کامل غلبہ والا ہے۔

اب ذرا غور کریں کہ یہ صرف (دین) کے حقوق نہیں تھے جن کی حفاظت کا ذکر کیا گیا ہے۔ مسلمانوں کو صرف یہ حکم نہیں دیا گیا کہ وہ اپنے حقوق کی حفاظت کریں بلکہ مشرکین کے ان گندے ارادوں کے تدارک کا حکم ہے کہ اگر ان کو روکا نہ جاتا تو عین ممکن تھا کہ وہ ظالم اس قدر سرکشی اختیار کر لیتے کہ دیگر مذاہب بھی ان کی زد سے محفوظ نہ رہتے۔ مسلمانوں کو حکم ہے کہ وہ تمام دیگر مذاہب کی عبادت گاہوں کے تقدس کی حفاظت کریں۔ اور انہیں یہ سکھایا گیا ہے کہ اس حکم کے تحت اگر انہیں دیگر مذاہب کی مدد بھی کرنا پڑے تو وہ ضرور کریں اور اگر وہ نیک نیتی کے ساتھ ایسا کریں گے تو اللہ ان کی مدد کرے گا۔ خدا تعالیٰ نے آغاز سے ہی یہ حکم دیا ہے کہ اگر ظالم کو ظلم سے روکنے کے لئے تمہیں جنگ لڑنا پڑے تو تم اس سے اعراض مت کرنا۔ کہ اللہ تمہاری مدد کرے گا۔ تاریخ اس بات پر شاہد ہے۔ نبی کریم ﷺ کے 313 صحابہ جن کے پاس جنگ کے لئے ناکافی سامان تھا، وہ اپنے سے تین گنا بڑے دشمن سے جس کے پاس سامان حرب بھی خوب تھا، نہ صرف لڑے بلکہ اسے شکست بھی دی۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ خدا سچ کا ساتھ دیتا ہے۔ اگر کوئی .... ان تعلیمات کے برخلاف کام کرتا ہے تو وہ اللہ کے حکم کی بھی صریحاً نافرمانی کرتا ہے۔ ان تعلیمات کو سامنے رکھتے ہوئے اپنے دل سے فیصلہ کریں کہ آیا کیا (دین) کے خلاف واقعی کوئی حقیقی اعتراض بنتا ہے؟ کیا چند مٹھی بھر مسلمانوں کی ایسی حرکات جو انہوں نے اپنی ذاتی اغراض کو مدنظر رکھ کر کی ہیں، تمام عالم اسلام کو تکلیف دینے کا جواز فراہم کرتی ہیں؟ یقینی طور پر کوئی بھی شریف النفس شخص جو امن عالم کی خواہش رکھتا ہے اس کا دل نہیں چاہے گا کہ وہ کسی کے لئے بھی کوئی پریشانی کھڑی کرے۔

جیسا کہ میں نے پہلے ذکر کیا ہے اور آپ سب بھی جانتے ہیں کہ آج ہم اپنی (بیت) بیت نور کی پچاس سالہ تقریب منعقد کر رہے ہیں۔ اس (بیت) سے گزشتہ پچاس سالوں سے اس پیغام کی اشاعت ہوتی رہی ہے کہ (بیوت) محبت، امن، رواداری اور خدائے واحد کی عبادت کا مرکز ہوتی ہیں۔ جرمنی میں احمدیہ جماعت کی بیوت کی تعداد 40,35 تک پہنچ چکی ہے۔ آپ ان میں سے کسی ایک (بیت) سے بھی کبھی نفرت انگیز آواز یا پکار نہیں سنیں گے یا ان لوگوں کی آواز جو فساد پھیلاتے ہیں۔ اگر کوئی آواز بلند ہوتی ہے تو وہ خدائے واحد کی عبادت کی طرف بلانے اور اس کی مخلوق کا حق ادا کرنے کی پکار ہے اور یہ صرف جرمنی ہی میں نہیں بلکہ جماعت احمدیہ کی ہزاروں (بیوت) پوری دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں۔ کسی ایک (بیت) سے بھی نہ تو ثابت کیا جا سکتا، نہ ہی کبھی ایسا ہوا ہے کہ وہاں سے نفرت پھیلائی گئی ہو یا پھر فساد خواہ معمولی ہو، پیدا کیا گیا ہو۔ مگر بہت افسوس سے مجھے کہنا پڑتا ہے کہ مغرب میں بعض ممالک میں بعض طبقات کی طرف سے ایک سوچ پروان چڑھائی جا رہی ہے کہ تمام .... کو بلا امتیاز دہشت گرد گردانا جا رہا ہے .... وقتاً فوقتاً ایسی آوازیں اٹھتی رہتی ہیں۔ اس کی تازہ مثال سوئٹزرلینڈ میں ہونے والا حالیہ ریفرنڈم ہے جس کا ذکر دو معزز مقررین نے بھی کیا ہے جس میں (بیوت) کے میناروں پر پابندی لگائی گئی ہے۔ اخبارات کی اطلاع کے مطابق پابندی کے حق میں ووٹ ڈالنے والوں کی اکثریت سوئٹزرلینڈ کی جرمن زبان بولنے والی آبادی تھی۔ میں یہ نہیں سمجھ سکتا کہ کس طرح (بیوت) کی شکل یا بناوٹ بدلنے سے آپ ان لوگوں کے کردار کو بدل سکتے ہیں جو وہاں عبادت کی غرض سے آتے ہیں۔ اگر بالفرض ہم یہ مان بھی لیں کہ (بیوت) نفرت کی ترویج کی جگہیں ہیں تو بھی میناروں پر پابندی سے کیا نفرت کی یہ تعلیم یک لخت رک جائے گی؟ یہ نفرتیں اور کدورتیں اس طریق پر رکیں گی نہیں بلکہ ایسی پابندیاں .... کی اکثریت جو امن پسند ہے اس میں بے چینی پھیلانے کا سبب بنیں گی۔ ان کے جذبات کو ان اقدامات سے مجروح کیا گیا ہے۔ ایک طرف تو وہ یعنی مغربی حکومتیں دعویٰ کرتی ہیں کہ وہ سیکولر ہیں دوسری طرف وہ مذہبی آزادی پر پابندی لگاتی ہیں۔ اس طریق سے انہوں نے شدت پسندی کا مقابلہ شدت پسندی سے کرنے کی کوشش کی ہے۔ اگر ایسے بے حکمت حل عمل میں لائے جائیں گے تو ان کا رد عمل بھی اتنا ہی حکمت سے عاری ہوگا۔ احمدیہ جماعت نے خلافت کے زیر سایہ کبھی بھی غلط انداز سے اپنا رد عمل ظاہر نہیں کیا۔ ہم گالیوں کا جواب دعا سے دیتے ہیں۔ .... پس میں آپ سے، جرمنی کی تعلیم یافتہ طبقے سے یہ درخواست کروں گا کہ اپنے ہمسایوں سے اچھی باتیں تو سیکھیں مگر بری باتیں نہیں۔ (بیوت) کے مینارے تو روشنی پھیلانے کی علامت ہیں جن سے یہ آواز بلند ہوتی ہے کہ اللہ سب سے بڑا ہے اور کوئی اس کے علاوہ عبادت کے لائق نہیں۔ محمد ﷺ اس کے رسول اور بندے ہیں (بیت) کی طرف آؤ عبادت کے لئے کیونکہ آپ دنیا میں امن صرف اپنے خالق کے ساتھ، اللہ کے ساتھ تعلق استوار کر کے ہی قائم کر سکتے ہیں اور کامیابی کی طرف آؤ کیوں کہ صرف خدا کی عبادت اور دنیا میں امن قائم کر کے ہی کامیابی کو حاصل کیا جا سکتا ہے۔ پس یہ ہے میناروں کا مقصد اور اگر کوئی اور آواز اس کے علاوہ اس سے بلند ہوتی ہے تو حکومت کا فرض ہے کہ وہ ایسے مجرموں کو سزا دے نہ کہ ایسے چند گمراہ افراد کی وجہ سے باقی تمام امن پسند افراد کو سزا میں مبتلاء کیا جائے۔ دنیا میں امن اس طرح قائم نہیں کیا جا سکتا۔ یقیناً اس عمل سے نفرت کی ایک دیوار کھڑی کی گئی ہے۔ نفرت کی ان دیواروں کو گرانے کے لئے قرآن مجید ہمیں سکھاتا ہے کہ:۔

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کی خاطر مضبوطی سے نگرانی کرتے ہوئے انصاف کی تائید میں گواہ بن جاؤ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں ہرگز اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔ انصاف کرو یہ تقویٰ کے سب سے زیادہ قریب ہے اور اللہ سے ڈرو۔ یقیناً اللہ اس سے ہمیشہ باخبر رہتا ہے جو تم کرتے ہو۔

(المائدہ آیت نمبر: 9)

یہ ہے (دین) کی خوبصورت تعلیم کہ اگر کبھی افراد یا قوموں کے باہمی تعلقات میں کھچاؤ آ جائے تو اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہونا چاہئے کہ تم انصاف کے تقاضوں سے پھر جاؤ۔ اگر تم انصاف سے پھرو گے تو تم نیکی سے بھی دور ہو جاؤ گے اور جو نیکی سے دور ہٹتا ہے اس کا خدا سے کوئی تعلق نہیں رہتا۔ ایسے شخص کے اعمال خدا کے لئے نہیں ہوتے کیونکہ خدا کہتا ہے اگر تم میرے پاس آنا چاہتے ہو تو انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے دوسروں کے حقوق ادا کرو۔ حتیٰ کہ تمہارے دشمن کو بھی تم سے بے جا تکلیف نہیں ہونی چاہئے۔ ایک اور موقع پر قرآن مجید فرماتا ہے کہ زخم کا بدلہ بھی صرف اسی قدر زخم ہے مگر اگر کوئی معاف کر دے اور یہ معاف کرنا اصلاح کا باعث ہو تو یہی بہتر ہے کیونکہ ایسے معاف کر دینے والے کا اجر خدا خود دیتا ہے۔ یہ ہیں وہ طریق جو (دین) نے ہمیں بتلائے ہیں جن سے معاشرے میں اصلاح ہو سکتی ہے اور جن پر چل کر امن قائم ہو سکتا ہے۔ ....

اللہ نے اس زمانے میں بانی احمدیہ جماعت کو مبعوث فرمایا جنہوں نے محبت رواداری اور امن کا درس دیا اور مذہبی انتہا پسندی اور مذہبی جنگوں کا خاتمہ کیا۔ آپ نے ہمیں بتلایا کہ دوسروں کے مذہبی جذبات کا خیال رکھنا چاہئے۔ یہ عمل (دینی) تعلیم کے عین مطابق ہے کہ کسی کو مشرکوں کے بتوں تک کو برا بھلا نہیں کہنا چاہئے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ مشرک تمہارے خدا کے بارے میں کوئی غلط بات کر دیں اور معاشرے کا امن خراب ہو جائے۔

جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا ہے کہ کسی مذہب کے پیشوا یا مذہبی رسوم کے خلاف بولنا نفرتیں پیدا کرتا ہے اور امن تباہ کرتا ہے۔ آج دنیا پہلے ہی کئی مسائل میں گھری ہوئی ہے۔ معاشی اور سماجی مسائل نے پہلے ہی بہت پریشانیاں کھڑی کی ہوئی ہیں اور یہ حالات بذات خود فساد پیدا کرنے کی جڑ ہیں۔ ان مسائل میں مذہب کو ڈالنا ہوشمندانہ فیصلہ نہیں ہے جبکہ ہمیں علم بھی ہے کہ بعض لوگ اپنے مذموم مقاصد کے ساتھ ہر وقت فساد پیدا کرنے کے مواقع تلاش کرنے میں لگے رہتے ہیں۔ پس اس تقریب کے حوالے سے میں یہ درخواست کروں گا کہ معاشرے میں امن کی خاطر ہمیں ایک دوسرے کے مذہبی جذبات کا خیال رکھنا چاہئے۔ آج کے زمانے میں دنیا تجارت، میڈیا اور تیز ذرائع آمد و رفت کی وجہ سے ایک گلوبل ویلیج بن چکی ہے۔ پس ہر ملک میں تمام مذاہب کو مکمل آزادی ہونی چاہئے بشرطیکہ کہ ملک کا امن متاثر نہ ہو۔ کسی بھی مذہب کے ماننے والوں کو اپنے مذہبی طور طریق پر عمل کرنے کی مکمل اجازت ہونی چاہئے۔ اگر حکومتیں مذہب میں دخل اندازی کریں گی تو پھر یہ مداخلت آج کی مہذب دنیا میں ان کے ان دعوؤں کی نفی کرے گی کہ وہ سیکولر ہیں اور دوسروں کے حقوق ادا کرنے والی ہیں۔

میں اپنی تقریر اب یہ کہہ کر ختم کرتا ہوں کہ ہر ایک کو اپنے خالق اور اس کی مخلوق کا حق ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے نہ کہ دوسرے انسانوں کے حقوق غصب کئے جائیں۔ تا دنیا میں امن قائم ہو۔ آخر میں میں آپ سب کا جنہوں نے اس تقریب میں شرکت کی اور اپنی فراخدلی ثابت کی، ایک دفعہ پھر شکریہ ادا کرتا ہوں۔

آپ سب کا بہت بہت شکریہ۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس خطاب کا مہمانوں پر گہرا اثر ہوا۔

ہر ایک کی نظریں حضور انور کے چہرہ پر مرکوز تھیں۔ اس خطاب کا لفظ لفظ ان کے دل میں اتر رہا تھا۔ جونہی حضور انور کا خطاب ختم ہوا۔ اس تقریب میں موجود سبھی مہمانان کرام نے کافی دیر تک تالیاں بجا کر اپنے جذبات کا اظہار کیا۔ بعض مہمان تو اپنی نشستوں سے اٹھ کر حضور انور کے پاس آ گئے، شرف مصافحہ حاصل کیا اور اپنے جذبات کا اظہار کیا اور یہ سلسلہ جاری رہا۔ ہر ایک نے اپنے اپنے رنگ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطاب کو سراہا اور کہا کہ حضور انور نے جو بیان کیا ہے اس کی آج ہمیں بہت ضرورت ہے۔ یہی وہ تعلیم ہے جس سے معاشرہ میں ہم امن قائم کر سکتے ہیں۔

عمارت کا وزٹ

دوپہر کے کھانے کے بعد اس تاریخی عمارت کی انتظامیہ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو اس عمارت کا وزٹ کروایا۔ اس عمارت میں سب سے مشہور ہال "Kaiser Saal" نامی ہال ہے۔ حضور انور کو اس ہال میں لے جایا گیا۔ گائیڈ نے بتایا کہ اسے Emperor Hall بھی کہا جا سکتا ہے یہ دوسری منزل پر ہے اور سیاحوں کے لئے بہت دلچسپی کا موجب ہے۔ اس ہال میں رومن ایمپائر کے دورہ میں بادشاہوں کی تاجپوشی ہوا کرتی تھی۔ آج اس ہال کی شہرت کی وجہ اس میں تمام بادشاہوں کے Portraits ہیں جو 1900ء میں بنائے گئے۔

گائیڈ نے بتایا کہ 1393ء سے اس عمارت کے بیرونی حصہ میں کرسمس مارکیٹ شروع ہوئی اور یہ ہر سال باقاعدہ لگتی ہے اور اس وقت بھی یہ مارکیٹ لگی ہوئی تھی۔

گائیڈ نے بتایا دوسری جنگ عظیم کے دران اس بلڈنگ کا ایک بڑا حصہ تباہ ہو گیا تھا جسے جنگ کے بعد دوبارہ تعمیر کیا گیا۔ اسی طرح فرینکفرٹ کا پرانا شہر بھی جنگ عظیم دوم کے دوران تباہ ہو گیا تھا۔ اس عمارت Romer کے سامنے کے چند گھر دوبارہ تعمیر کئے گئے اور اسی طرز پر اسی میٹریل سے تعمیر کئے گئے جس سے آغاز میں ان کی تعمیر ہوئی تھی۔ یہ بہت ہی قدیم گھر معلوم ہوتے ہیں جن کی تعمیر میں لکڑی اور ایک خاص قسم کی مٹی اور میٹریل وغیرہ استعمال کیا گیا ہے۔ یہ جنگ عظیم دوم سے قبل کے پرانے فرینکفرٹ کی ایک نشانی کے طور پر ہے۔

اس عمارت کے وزٹ کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز عمارت کے اس حصہ میں تشریف لے آئے جہاں تقریب کا اہتمام کیا گیا تھا۔ بعض مہمان اور پریس کے نمائندے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے استقبال کے لئے وہاں موجود تھے۔

میڈیا کے چند سوالوں کے جواب

ایک صاحب جو اکانومک ڈویلپمنٹ کارپوریشن میں کام کرتے ہیں نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے جماعت کے بارے میں استفسار کیا اور کہا کہ میں جماعت کے بارے میں کچھ زیادہ علم نہیں رکھتا۔

حضور انور نے فرمایا۔ میں نے اپنی تقریر میں اپنے عقائد کا مختصر ذکر کیا ہے۔ جماعت احمدیہ 1889ء سے قائم ہے۔ اب تقریباً ایک سو بیس سال ہو رہے ہیں۔

اس سوال کے جواب پر کہ کیا آپ مستقل لندن منتقل ہو گئے ہیں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا۔ جماعت احمدیہ کا سربراہ بننے سے قبل میں پاکستان میں رہتا تھا۔ مگر بعض پابندیوں اور آئین پاکستان میں بعض قوانین کی وجہ سے وہاں ایک احمدی کا، بالخصوص سربراہ جماعت کا رہنا بہت مشکل ہو گیا تھا اس لئے میرے سے پہلے خلیفہ 1984ء میں پاکستان سے ہجرت کر کے لندن آ گئے تھے۔ تب سے جماعت کے سربراہ لندن میں ہی قیام پذیر ہیں۔ جب 2003ء میں ان کا انتقال ہوا اور میں جماعت احمدیہ

کے سربراہ کے طور پر منتخب ہوا، تب سے میں لندن میں رہ رہا ہوں۔

اس کے بعد ایک مہمان نے سود کے بارہ میں دریافت کیا۔

حضور انور نے فرمایا۔ آج کے دور میں جو معاشی بحران ہے اس کا ایک سبب بلکہ اس کا سب سے بڑا سبب سود ہی ہے۔ لوگ کریڈٹ کارڈ کے ذریعہ خرید و فروخت کرتے ہیں اور یہ خیال نہیں کرتے کہ ان کی جیب میں کتنی رقم ہے۔ بس جاتے ہیں اور کریڈٹ کارڈ استعمال کرکے خرید و فروخت کرتے ہیں۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ ایک چار ہزار یورو کی حد والا کریڈٹ کارڈ ایک شخص کو 25 ہزار کا مقروض بنا دیتا ہے اور اس وجہ سے وہ آدمی تباہ ہو جاتا ہے۔

اس موقع پر مہمان نے بھی سود اور موجودہ بینکاری نظام کے مضمرات کے بارہ میں اظہار کیا۔

حضور انور نے فرمایا۔ یو کے میں بھی اب برطانوی لوگوں نے سود کے بغیر اسلامی بینکاری میں دلچسپی لینا شروع کردی ہے۔ گو انہوں نے پورے طور پر اس کو لاگو یا اس پر عمل تو نہیں کیا مگر پھر بھی بعض بینک ہیں جنہوں نے سود لینا یا دینا مکمل بند کردیا ہے اور وہ اپنے بنک تجارت کرکے چلا رہے ہیں اور یہ کافی منافع بخش کاروبار ہے۔ لوگوں نے بھی اس کو پسند کیا ہے۔ صرف مسلمانوں نے نہیں بلکہ عیسائیوں نے بھی۔

پریس کے ایک نمائندہ کے سوال پر حضور انور نے فرمایا۔

ہر مذہب یہ سکھاتا ہے کہ ایک دوسرے کی عزت و احترام کرو۔ محبت سے پیش آؤ حضور انور نے فرمایا مذہبی روایات آپ بدل نہیں سکتے۔ جو ہزاروں سال پہلے تھیں وہ اب بھی ہیں ان کو بدلا نہیں جاسکتا۔ کلچر کو آپ تبدیل کرسکتے ہیں مگر مذہبی روایات نہیں۔

ایک خاتون صحافی کے اس سوال پر کہ کیا دین حق کی اس منفی تصویر بنانے میں میڈیا کا بھی کوئی کردار ہے؟ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا۔

میں میڈیا تو نہیں کہتا۔ ہاں مگر ایک طرح سے میڈیا بھی ایک کردار ادا کر رہا ہے کیونکہ یہ خبروں کا تجزیہ نہیں کرتے۔ جو یہ سنتے ہیں اس کو اسی طرح آگے کردیتے ہیں اور یہ نہیں دیکھتے کہ ان کی خبروں کا کیا اثر ہوتا ہے۔ اگر یہ خبروں کا صحیح طور پر تجزیہ کریں تو اس طرح میڈیا مختلف مذاہب میں محبت اور رواداری پیدا کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ اسی طرح میڈیا لوگوں کے ایک دوسرے کے خلاف جذبات کو ختم کرنے میں بھی کردار ادا کرسکتا ہے۔"

پریس کے نمائندگان کے ساتھ سوال و جواب کا یہ پروگرام ایک بجکر 55 منٹ پر ختم ہوا۔

بیت السبوح کے لئے روانگی

دوپہر دو بجے یہاں سے بیت السبوح کے لئے روانگی ہوئی۔ راستہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ وقت کے لئے فرینکفرٹ کے ایک مقامی قبرستان "Sud Friedhof" تشریف لے گئے۔ اس قبرستان کا ایک حصہ جماعت احمدیہ کے لئے مخصوص ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مکرم عبدالہادی کیوسی صاحب کی قبر پر دعا کی۔ مرحوم اٹلی کے باشندے تھے اور جرمنی میں مقیم تھے۔ جرمنی میں بیعت کرنے والے ابتدائی احمدیوں میں سے ہیں۔ مرحوم نے اسپرانٹو (Espranto) زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ کرنے کی سعادت پائی تھی۔

بعد ازاں حضور انور مکرم مسعود احمد صاحب جہلمی مرحوم سابق مربی سلسلہ جرمنی کی قبر پر تشریف لے گئے اور دعا کی۔

بعد ازاں مکرم مبشر احمد باجوہ صاحب مرحوم کی قبر پر بھی حضور انور نے دعا کی۔ مبشر احمد باجوہ صاحب جماعت جرمنی کے ایک نہایت مخلص اور فدائی کارکن تھے۔ مرحوم کی وفات پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے پنجابی زبان میں نظم جس کا ایک قطعہ یہ تھا۔ ؎

اونوں کیویں دسّاں کہ میں تیتھوں آج سُکھ پایا
شاوا سوہنے یار مبشر واہ واہ بلّے بلّے
آ وَ سجنو مِل بیٹھے تے گل اوس یار دی چلّے

ان مرحومین کی قبور پر دعا کرنے کے بعد یہاں سے روانہ ہوکر قریباً 20 منٹ کے سفر کے بعد اڑھائی بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز "بیت السبوح" پہنچے اور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

دو بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت السبوح میں تشریف لاکر نماز ظہر و عصر جمع کرکے پڑھائیں۔ نماز کی ادائیگی سے قبل حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مکرم عبدالخالق صاحب مرحوم جماعت Russelsheim کی نماز جنازہ حاضر پڑھائی۔ مرحوم موصی تھے اور عمر 70 سال تھی۔ حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے وفات پائی۔

نماز ظہر و عصر کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

فیملی ملاقاتیں

